
# 5 اشکال کا کمال

چلو پٹاخہ بنائیں




© NCERT not to be republished

## اشکال کا کھیل


نیچے دی گئی ہدایات کے مطابق جوکر میں رنگ بھریے :

مثلث — لال

مربع — پیلا


مستطیل — نیلا

دائرے — ہرا




© NCERT not to be republished

سبھی اشکال میں کتنے مثلث ہیں؟



ان اشکال میں سب سے بڑا مستطیل بتائیے۔



© NCERT not to be republished

## کنارے اور کونے

میتا اور اس کے 5 دوست ایک کھیل کھیل رہی تھیں۔ ٹنکو کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی گئی تھی۔ اس سے کہا گیا کہ جتنی دیر چاہے تالی بجائے اور جب تک وہ تالی بجائے گا اتنی دیر تک باقی بچے میز کے چاروں طرف چکر لگائیں گے۔ جس وقت ٹنکو تالی بجانا بند کردے گا جو بچہ جہاں ہے وہیں رک جائے گا اور جو بچہ میز کے کونے پر نہیں ہوگا وہ آؤٹ ہوجائے گا۔ اور پھر اس کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی جائے گی۔





(a) اوپر دی گئی تصویروں کو دیکھیے، کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کون آؤٹ ہے؟

(b) گڈو کہاں کھڑی ہے؟


(c) کیا ہم یہ کھیل ایک گول میز کے چاروں طرف بھی کھیل سکتے ہیں؟ کیوں؟


ہمارے اردگرد بہت ساری چیزیں ہیں جن کے کنارے بالکل سیدھے ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر




© NCERT not to be republished

کچھ دوسری چیزوں کے کنارے گھماؤ دار بھی ہوتے ہیں مثال کے طور پر




(a) اپنے ارد گرد نظر ڈالیے سیدھے اور گھماؤ دار کنارے والی چیزوں کو پہچانیے۔

(b) کیا جن چیزوں کے کنارے سیدھے ہیں، ان کے کونے بھی ہیں؟


(d) ایسی چیزیں ڈھونڈنے کی کوشش کیجیے جن میں سیدھے اور گھوماؤ دار دونوں طرح کے کنارے ہوں۔

## کتنے موڑ کتنے کونے

1- ایک مستطیل نما کاغذ لیجیے۔

2- اس کے کونے گنیے۔

3- اب اس کا ایک کونا موڑیے۔ بتایئے



(a) اب اس کے کتنے کونے ہیں؟

(b) (i) دو کونے موڑتے تو کتنے کونے بنتے۔

(ii) تین کونے موڑتے تو؟

(iii) چار کونے موڑتے تو؟

(c) کیا آپ اسی کاغذ کو کچھ اس طرح موڑ سکتے ہیں کہ اس کے صرف تین کونے رہ جائیں؟ آپ کاغذ کو صرف دو ہی بار موڑ سکتے ہیں۔

اس کے بعد آپ کو کس طرح کی شکل دیکھنے کو ملے گی؟

4- اسی کام کو ایک مربع نما کاغذ کے ساتھ کرو۔




© NCERT not to be republished

(5) کیا آپ مربع نما کاغذ کے تمام کونوں کو کچھ اس طرح موڑ سکتے ہیں کہ اس کے چار ہی کونے رہیں؟


درج ذیل نیلی پیلی جدول کو دیکھیے اور ان چیزوں کے سامنے صحیح کا نشان (✓) لگائیے جن کے کونے ہوتے ہیں۔

ساتھ ہی ان چیزوں کے کناروں اور کونوں کی کل تعداد بھی معلوم کیجیے۔

| چیزوں کے نام | کیا اس کے کونے ہیں۔ | کناروں کی تعداد | کونوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
| پانسہ |  | ہاں | 8 |
| بال گیند | | | |
| ربر | | | |
| انڈا | | | |
| کاغذ کی شیٹ | | | |

درج ذیل اشکال میں سے ان اشکال کے سامنے صحیح کا نشان (✓) لگائیے جن کے کونے ہیں۔

کیا ان اشکال میں گھماؤ دار خطوط بھی ہیں؟




کیا آپ سیدھے خط کا استعمال کرتے ہوئے ایک ایسی شکل بنا سکتے ہیں جس کا کوئی کونہ نا ہو؟

© NCERT not to be republished


# ٹنگرام

ٹنگرام ایک بہت پرانی چینی پہیلی ہے۔ٹنگرام کے الگ الگ ٹکڑوں سے ہم کئی جانوروں، لوگوں اور دوسری چیزوں کی اشکال بنا سکتے ہیں۔




اس کتاب کے آخری صفحہ 201 پر آپ کو تصویر میں دکھائے گئے مربع کی طرح کا ایک مربع ملے گا۔اس کو احتیاط سے کاٹیے اور ٹکڑوں کو الگ کر لیجیے ان پانچ ٹکڑوں کے مجموعہ کو 5 ٹکڑی ٹنگرام کہتے ہیں۔

ان پانچ ٹکڑوں کو استعمال کر کے مندرجہ ذیل اشکال بنائیے :



© NCERT not to be republished

1- آپ کے ٹنگرا میں کتنے مثلث ہیں۔کیا ان سب کے سائز برابر ہیں؟ معلو کیجیے۔

2- ٹنگرام کے دو چھوٹے مثلثوں کا استعمال کر کے درج ذیل اشکال بنائیے :



(1) (2) (3)

3- ٹنگرام کے کون سے دو ٹکڑے بالکل ایک جیسے ہیں؟ کر کے دیکھئے۔

4- ٹنگرام سے ٹکڑے نمبر 4 اور 5 نکال لیجیے اور معلوم کیجیے کہ مثلث کے کس طرف سے آپ دوسرے ٹکڑے جوڑ سکتے ہو۔

5- معلوم کرو کہ ٹکڑا نمبر 1 اور 2 میں کون سا کنارہ برابر ہے۔اسی طرح برابر کنارے معلوم کیجیے۔

(a) ٹکڑے 1 اور 2


(b) 2 اور 4 میں

(c) 1 اور 5 میں

(d) 2 اور 5 میں

© NCERT not to be republished


## 7 ٹکڑوں والے ٹنگرام




7 ٹکڑوں والے ٹنگرام کی تصویر یہاں دی گئی ہے۔آخری صفحہ 201 سے اس کو کاٹ نکالو۔اب آپ ان ٹکڑوں کو کاٹ کر الگ الگ کر لیں اور الگ الگ طریقوں سے اشکال بنائیے۔

ان اشکال کو بنانے کی کوشش کیجیے۔





صرف مثلثوں سے اب انہیں بھی بناؤ مگر صرف ان ٹکڑوں سے جو یہاں لکھے گئے ہیں۔

(a) صرف دو مثلثوں سے۔




(b) 1،2، 3اور 5 نمبر کے ٹکڑوں سے۔



(c) صرف دو مثلثوں سے۔




(d) 1، 2، 3، 4اور 5 نمبر کے ٹکڑوں سے۔



© NCERT not to be republished

## بنائی کے پیٹرن

گولواور بینواپنی چچی کے ساتھ بازار گئے۔ وہاں انہوں نے بہت ساری دریاں دیکھیں۔




* ان کے کناروں پر آپ کس طرح کی اشکال دیکھ رہی ہیں۔ان کو اپنی کاپی پر بنائیے۔
* کیا کوئی شکل کسی خاص پیٹرن میں بار بار دہرائی جارہی ہے؟ وہ کون سی ہیں؟
* یہ اشکال کیسے خطوط سے بنی ہیں (i) گھماؤدار


(ii) سیدھے

(iii) گھوماؤداراور سیدھے دونوں۔


* ذرااپنے کپڑوں، اپنی امی کی ساڑی، شال، چٹائیوں اور دریوں کو غور سے دیکھئے۔کیا آپ ان میں کچھ پیٹرن کو پہچان سکتے ہیں؟ اسے اپنی کاپی میں بنائیے۔

# فرش کے پیٹرن

کیا آپ نے کبھی ایسا فرش دیکھا ہے جس پر کوئی ڈیزائن بنا ہو؟



کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ ڈیزائن کیسے بنائے جاتے ہیں؟ یہ ڈیزائن فرش کو چھوٹے چھوٹے ٹائل یعنی چھوٹے چھوٹے رنگ برنگے پتھر جمع کر کے اس طرح بنائے جاتے ہیں کہ وہ بنا خالی جگہ کے ایک دوسرے کے ساتھ جڑ سکیں۔




مثال کے طور پر اس ٹائل کی شکل کو دیکھو کہ اسے کس طرح لگایا گیا ہے۔




اب اس 6 کنارے والی ٹائل کو دیکھو۔

دیکھیں کیسے اس شکل کی ٹائل فرش کو بنا خالی جگہ چھوڑے پوری طرح ڈھک سکتی ہیں۔




© NCERT not to be republished

1- یہاں بیچ میں چار ٹائل ہیں۔ان ٹائلوں کے آس پاس 4 پیٹرن بنے ہیں۔لائن کھینچ کر ملاؤ کہ کون سا پیٹرن کس ٹائل سے بنا ہے۔




آپ اپنی ٹائل خود بنا سکتے ہیں اور ان میں اپنے پیٹرن بنا سکتے ہیں۔اس کتاب کے پیچھے آپ کو کچھ ٹائل ملیں گے۔ہر ٹائل کو کاٹ کر اس کی چھاپ بناؤ اور اس میں رنگ بھرو۔

2- نیچے دیئے گئے پیٹرن کو پورا کرو۔




© NCERT not to be republished

3- اس پیٹرن کو پورا کرو۔ اب صفحہ 70 پر بنے پیٹرن کو دیکھو دونوں میں چھ کنارے والی اشکال ہیں۔ مگر دونوں میں فرق کیا ہے؟



4- خوشبو اور حارث آگرہ میں رہتے ہیں۔ ایک دن وہ تاج محل دیکھنے گئے۔ تاج محل کے فرش پر بنا پیٹرن نیچے دکھایا گیا ہے۔





آپ کے مطابق کون صحیح ہے؟ اپنے دوستوں سے اس بارے میں بات چیت کیجیے۔


© NCERT not to be republished

# کس اسٹائل میں ٹائل


یہ پیٹرن اس اسٹائل سے بنتے ہیں۔




اس پیٹرن میں تین رنگوں کا استعمال کیا گیا ہے تا کہ یہ سڑھیوں جیسا دکھے۔




جب دو رنگوں کا استعمال کیا تو یہ پیلے اور نیلے پھولوں کا ایک الگ پیٹرن بن گیا۔



الگ الگ رنگوں کے میل سے اپنے پیٹرن بنائیے۔








کیا آپ نے اس شکل کو کسی اور پیٹرن میں دیکھا ہے۔ کسی دیوار پر، کپڑے پر، دری پر یا ٹوکری پر؟

© NCERT not to be republished

# خزانے کی کھوج

فرینک اور جوہی کی امی نے ان کے لئے تحفہ چھپا رکھا ہے۔

لیکن وہ چاہتی ہیں کہ وہ دونوں مل کر ایک خزانے کی طرح اسے کھوجیں۔

انہوں نے ان لوگوں کے لئے کچھ ہدایات لکھ کر رکھ دی ہیں۔ کیا آپ جوہی اور فرینک کی مدد کر سکتے ہیں تا کہ وہ اپنا خزانہ کھوج سکیں۔

1- سب سے بڑے پیڑ سے شروع کرو۔

2- راستے پر آگے بڑھئے۔

3- چھٹے ٹائل سے بائیں طرف موڑیے۔

4- پھر چند قدم آگے بڑھنے پر آپ کو اپنے داہنی ہاتھ کی طرف ایک پودا ملے گا۔

5- اس پودے کے سب سے نزدیک جو بچہ کھیل رہا ہے، اس کی فراک میں رنگ بھرو۔

6- پھر پودے سے آگے بڑھنا شروع کرو۔

7- چوتھے ٹائل سے پھر بائیں مڑو۔

8- راستے میں آپ دیکھیں گے کہ چوتھے ٹائل کا کونا ٹوٹا ہوا ہے۔

9- آپ کو وہیں زمین پر ایک گیند اور بلا پڑا ہوا ملے گا۔ ان کو اٹھانا نہیں۔ ان کے چاروں طرف گول گھیرا بناؤ۔

10- آگے بڑھو اور پھر دائیں مڑو۔

11- اب آپ کو ایک آم کا پیڑ ملے گا۔ اس پیڑ پر کچھ آم بھی آپ کو نظر آئیں گے۔ پیڑ پر 11 آم میں رنگ بھریئے۔

12- آم کے پیڑ کے آس پاس کچھ گھاس بناؤ اور پھر اسی راستے پر آگے بڑھتے رہو۔

13- جب آپ سیدھے جائیں گے تو آپ کو ایک گھر ملے گا۔

14- اس گھر کے پیچھے ایک بیگ رکھا ہوا ہے۔ اس کو کھولیے تو آپ کو اس میں کچھ میٹھی چیز ملے گی۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس میں امی نے کیا رکھا تھا۔

© NCERT not to be republished



خزانے کی کھوج کو کلاس میں کروانے سے جگہ ہی کچھ کو پڑھانے میں مدد ملے گی اس کام سے بچوں کو مختلف حالتیں۔ (اوپر، نیچے، آگے، پیچھے) فاصلے (دور، پاس) شکل (بڑا، چھوٹا) کونے اور اشکال وغیرہ کو پہچاننے کی صلاحیت کو بھی بڑھاوا ملے گا۔ اسی طرح کی اور سرگرمیاں کرانے سے بچوں کو کئی ہنر پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔

© NCERT not to be republished